# ادبیات

## جاگ

جناب روش صدیقی

جاگ! اے نرگسِ میخانہ فروز
درِ دولت پہ گل افشاں ہے نسیمِ سحری
ہیں نقیبانِ ادب منتظرِ جلوہ گری
کوکبِ صبح ہے بیتاب پریشاں نظری
جاگ! اے نرگسِ میخانہ فروز

☆

بوسہ پا کے لئے جاگ اٹھی ہے شبنم
نکہتِ گل اسی حسرت میں رواں ہے پیہم
سب ہیں مشتاق کہ آنکھوں سے ملیں خاکِ قدم
جاگ! اے نرگسِ میخانہ فروز

☆

شفقِ سرخ ہی کچھ منتظرِ دید نہیں!
چشمِ وارفتۂ دیدار ہے خورشید نہیں!
آنکھ کس کی سوئے کاشانۂ امید نہیں!
جاگ! اے نرگسِ میخانہ فروز

☆

کوئی آوارہ ہے تیرے لئے تنہا نوں میں
کوئی سرگشتہ و حیراں ہے خیابانوں میں
ڈھونڈھتا پھرتا ہے کوئی تجھے ویرانوں میں

جاگ ! اے نرگسِ میخانہ فروز

☆

کیوں دلِ شیخ حرم منزلِ بیتابی ہے
چشمِ صوفی، اثرِ گریہ سے عنابی ہے
آنکھ زاہد کی بھی گہوارۂ بے خوابی ہے
جاگ ! اے نرگسِ میخانہ فروز

☆

خانقاہوں سے ہے اک تشنگیٔ عام قریب
ساحلِ بحر سے جیسے، شفقِ شام قریب
لبِ واعظ سے ہے اک حسرتِ بے نام قریب
جاگ ! اے نرگسِ میخانہ فروز

☆

دیر سے مدرسۂ فکر و نظر برہم ہے
فلسفہ یوں تو ہے خاموش مگر برہم ہے
جام و مینا میں ادھر آتشِ تر برہم ہے
جاگ ! اے نرگسِ میخانہ فروز

☆

شکن آلود سی ہے دانشِ حاضر کی جبیں !
کہیں زنجیرِ گماں توڑ نہ دے ضربِ یقیں !
منتظر ہیں، ترے رندانِ خراباتِ نشیں !
جاگ ! اے نرگسِ میخانہ فروز

☆

اور وہ جنتِ امکاں، وہ ترا میخانہ !
ہے جہاں ادرہی تقدیرِ مے و پیمانہ !
ہمہ تن چشم ہے تیرے لئے بیتابانہ !
جاگ ! اے نرگسِ میخانہ فروز